**C–1–P**

Total No. of Questions : 12]

Roll No.....................................

[Total No. of Printed Pages : 15

# SSEWZJN15
# 6601–P
# URDU

Time : 3 Hours ]

[Maximum Marks : 100

نوٹ:–سوال نامہ پڑھنے کے لئے مزید پندرہ منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

## (i) تفصیلی جواب طلب سوالات۔

۱۔ درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ / سے ۲۰۰ / الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے۔ ۱۲

(الف) زمین کے سورج کے گرد ......... سالانہ ......... گرمی اور سردی ......... کیفیات ......... اختلاف ......... گرمی تیز دن بڑے ......... زراعت ......... سیاحت ......... صحت افزا مقامات ......... سیر .........

Turn Over

لوگوں کی بھیڑ ........ مچھر کھیاں ........ لو ........ پنکھوں کا استعمال

........ گرمی کی تیزی ........ چھٹیاں ........ پانی اور بجلی کے مسائل

........ صحت عامہ ........ گرد و غبار ........ دھواں ........ شہروں اور

گاؤں کے حالات ........ ٹھنڈے مشروبات ........ ہرے بھرے کھیت

........ میوے۔

(ب) مقصد زندگی کے لئے ضروری ........ بغیر مقصد کے زندگی بے مزہ

........ مقصدیت سے زندگی میں جد و جہد ........ ہوتی ہے۔ بغیر مقصد کے

زندگی بے ملاح کی ناؤ ........ بھنور میں پھنس کر ڈوب جاتی ہے ........ کوئی

ڈاکٹر، انجینئر، وکیل اور استاد بنا چاہتا ہے ........ زندگی کا مقصد انسان

اور انسانیت کی خدمت کرنا ........ چاہئے کچھ بھی آپ کی زندگی میں کرے

........ انسانیت کی بھلائی ........ اللہ تمہیں اپنے ........ کامیاب و

کامران کرے۔ آمین۔

(ج) سائنسی کرشمہ ......... تصاویر کے ساتھ ......... بولنے والا آلہ ......... عجیب وغریب ایجاد ......... خبریں ......... تبصرے ......... تقاریر ......... کھیلیں ٹیلی کاسٹ ......... علمی اور سائنسی معلومات ......... ڈرامے ......... ناچ گانے ......... ہر گھر سینما ہال ......... مذہبی معلومات ......... تعلیم ......... مختلف چینلیں ......... رحمت ہے زحمت بھی ......... اخلاقی زوال ......... مقامی، قومی ......... بین الاقوامی حالات کی آگہی ......... سماجی تقریبات کا حال ......... سیاسی تقاریر ......... بچوں اور نوجوانوں پر مضر اثرات ......... تدابیر.........۔

۲۔ اپنے دوست کو امتحان میں اس کی شاندار کامیابی پر مبارک بادی کا خط لکھیے۔

(یا)

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام فیس معاف کروانے کے لئے درخواست لکھئے۔

(یا)

اپنے دوست کو بڑے بھائی کی شادی کی تقریب میں شامل ہونے کے لئے خط کے

ذریعے دعوت دیجئے۔ ۸

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا

حوالہ بھی دیجئے۔ ۸

(الف) آخر یہ صلاح ٹھہری کہ کسی درخت کے نیچے ڈیرا جمانا چاہئے لیکن درختوں کے نیچے بھی جہاں جاتے تھے یاتری لوگ پڑے ملتے تھے۔ مجبور ہو کر کھلے میدان میں ریت پر بستر وغیرہ لگائے۔ اس کے سوا اور کوئی تدبیر نہ تھی۔ لیکن لیٹنے بھی نہ پائے تھے کہ بادل گر آئے۔ موسلا دھار پانی برسنے لگا۔ بجلی

کوندنے لگی۔ گرج سن کر لڑکے چیخنے لگے۔ عورتوں کا کلیجہ کانپنے لگا۔ کسی جائے پناہ کی تلاش ہوئی۔

(ب) جب وہ دونوں چیزیں کسی فرد میں جمع ہو جائیں تو اس میں خودداری، صداقت، دیانت داری اور جرأت کی صفات پیدا ہوتی ہیں اور وہ جماعت کے رکن کی حیثیت سے ہمدردی، رواداری اور فراخ دلی سے کام لینا سیکھتا ہے۔ یہ چند پیش پا افتادہ روزمرہ کی بول چال کے لفظ ہیں لیکن درحقیقت انھیں میں اچھی زندگی کا بھید پوشیدہ ہے۔ آج دنیا میں جس کے اوپر نیستی کے بادل منڈلا رہے ہیں اور جس کی بیخ کنی کے لئے اس کے قابل ترین دماغ اس طرح جدوجہد کر رہے ہیں جیسے خودکشی زندگی کی سب سے اعلیٰ قدر ہو۔

۴۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ۷

(i) آسمان پھول اور لہو۔

Turn Over

(ii) عبرت۔

(یا)

درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

(i) مزاج دار بہو کو بے وقوف بنانے کے لیے جن نے کیا کیا؟

(ii) خوشامدی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

(iii) ملک صادق کون تھا؟ شہزادے کا اس کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

(iv) خودی سے کیا مراد ہے؟ مقالہ اقبال اور انسانیت کی روشنی میں جواب لکھیے۔

۵۔ درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ۲

(i) ناول۔

(ii) داستان۔

(iii) انشائیہ۔

۶۔ کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۶

(i) میر امن۔

(ii) سر سید۔

(iii) پریم چند۔

۷۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی تشریح کیجئے، شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۶

(الف) میرے سلیقے سے میری نبھی محبت میں

تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا

(ب) نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا

مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(ج) روک لو گر غلط چلے کوئی

بخش دو گر خطا کرے کوئی

(د) دیکھ کر تشنہ لبی میری تعجب نہ کرو

میں نے صحراؤں کو بخشے ہیں سمندر کتنے

(ہ) اس روشنی کے شہر میں ظلمت کرے گی راج

مجھ کو یقین تھا نہ تجھے ہی گمان تھا

(و) اس نے کتنی لطیف بات کہی

خودشناسی خداشناسی ہے

(یا)

دیئے گئے اجزائے کلام میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنفِ شعر کے عنوان سے لکھئے۔

(الف) تری راہ میں جس نے کانٹے بچھائے

رہے تیری شفقت کے اس پر بھی سائے

کدورت سے ہستی رہی پاک تیری

جچی آنکھ میں شانِ لولاک تیری

(ب) پہنچے قریب فوج تو گھبرا کے رہ گئے

چاہا کریں سوال پہ شرما کے رہ گئے

غیرت سے رنگ فق ہوا تھرا کے رہ گئے

چادر پسر کے چہرے سے سرکا کے رہ گئے

۸۔ درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیاں تحریر کیجیے۔ ٦

(الف) شوکت علی ...... فانی ...... اسلام نگر ...... بدایوں شجاعت علی ...... مکتب ...... دسویں جماعت ...... بریلی کالج ...... ڈپٹی انسپکٹر، مدارس ...... قانون کی تعلیم علی گڑھ ...... وکالت ...... حیدرآباد کے ماسٹر ...... آخری ایام ...... عسرت ...... حیدرآباد ...... وفات ...... ممتاز غزل گو ...... خیال کی گہرائی ......

تصوف معرفت ...... ناکامی نامرادی ...... یاسیت کا امام ......

موت بطور علاج۔

(ب) محمد تقی نام ...... آگرہ میں پیدا ہوئے ...... احمد آباد

(گجرات) میں قیام کیا ...... مکمل سکونت اختیار کی ...... دہلی چلے آئے

اور کچھ عرصہ ...... دامن میں پرورش پائی ...... زیادہ دیر نہ ٹھہر سکے۔

چنانچہ میر ...... لکھنؤ چلے آئے ...... غزلوں ...... مرثیے بھی لکھے۔

۹۔ مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ۲

(i) غزل۔

(ii) مرثیہ۔

(iii) قطعہ۔

(ii) مختصر جواب طلب سوالات۔

۴

۱۰۔ (الف) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

الفاظ: ضبط ، حجت ، طور ، سہنے ، صبر ، بات

اوصاف ، خوبیاں ، اعتدال ، مادہ۔

اقتباس: مخالفت ......... کا ان میں عجیب وغریب ......... تھا۔ کیسا ہی اختلاف ہو،

وہ ......... کے ساتھ سہتے رہتے تھے۔ جواب دیتے تھے، لیکن ......... نہیں

کرتے تھے۔ بعض اوقات نامعقول ......... اور کٹ حجتی پر غصہ آتا تھا لیکن

......... سے کام لیتے تھے۔ ضبط اور ......... ان کے بہت بڑے .........

تھے اور یہ دو ......... ان کے کلام میں بھی کامل ......... پر پائی جاتی ہیں۔

(ب) جی ہاں ہم سے ضرور پوچھا جائے گا۔ خبردار! کہیں غفلت میں نہ رہنا۔

جواب تو دینا ہی پڑے گا۔

مندرجہ بالا جملوں میں ''جی ہاں''، ''ضرور''، ''خبردار'' اور ''تو'' کس

قسم کے حروف ہیں؟ ۴

(ج) درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم صفت، اسم فاعل اور

اسم مفعول چن لیجیے۔

(i) مظلوم کی مدد کرنا لازمی ہے۔

(ii) سو سنار کی ایک لوہار کی۔

(iii) یہ آم بہت ہی میٹھا ہے۔

۴ (iv) ایمن خوبصورت لڑکی ہے۔

(د) ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔

احمد اور محمود آپس میں بھائی ہیں۔

(یا)

۴ اقدس سڑک پر دوڑتی ہے۔

۱۱۔ (الف) (i) نظیر اکبر آبادی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(ii) نظم ''مفلسی'' کو ذہن میں رکھتے ہوئے بتایئے مفلس کو ہر وقت کس چیز کی فکر رہتی ہے؟ ۳

(ب) (i) جس صنفِ شاعری میں حضرت محمدؐ کی تعریف کی جاتی ہے اسکو کیا کہتے ہیں؟

(ii) نصابی کتاب میں شامل ''نعت'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ ۳

(ج) (i) ''مدح'' کس صنف شعر کے اجزاء میں شامل ہے؟

(ii) نصاب میں شامل ''شہر آشوب'' قصیدہ کس شاعر نے لکھا ہے؟ ۳

(iii) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر یا تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

دولت۔ بہار۔

موسم۔ قلم۔

(ب) دیے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

کاغذ۔ ورق۔

صنف۔ صفات۔

(ج) درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھئے۔ ۲

امن۔ خوشبو۔

کبیر۔ بالا۔

(د) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف دو کی جمع الجمع لکھئے۔ ۲

وجہ۔ لازم۔

دوا۔ رسم۔

(۵) درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔ (صرف دو) ۲

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| صلہ۔ | (3) مضبوط۔ |
| امین۔ | (4) معافی۔ |
| راسخ۔ | (1) اجر۔ |
| درگزر۔ | (2) معتمد۔ |